(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## متفرق/دیگر مسائل

قدرتی آفات/سیلاب

## پاکستانیوں کی اکثریت (53%) کے مطابق حکومت کی سیلاب زدگان کے حوالے سے کی گئی امداد "ضرورت سے کم" تھی۔ ریلیف کو ناکافی سمجھنے والوں کی شرح دیہی علاقوں (50%) کی نسبت شہری علاقوں میں رہنے والے افراد (60%) میں زیادہ پائی گئی۔

**(گیلپ & گیلانی سروے)**


(اسلام آباد، 22اکتوبر 2025)

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، پاکستانیوں کی اکثریت (53%) کے مطابق حکومت کی سیلاب زدگان کے حوالے سے کی گئی امداد "ضرورت سے کم" تھی۔ ریلیف کو ناکافی سمجھنے والوں کی شرح دیہی علاقوں (50%) کی نسبت شہری علاقوں میں رہنے والے افراد (60%) میں زیادہ پائی گئی۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" سیلاب زدگان کی امداد کے سلسلے میں حکومت نے جو اقدامات اُٹھائے ہیں، آپ کے خیال میں وہ کافی ہیں، ضرورت سے کم ہیں یا ضرورت سے زیادہ ہیں؟"**۔اس سوال کے جواب میں، ملک بھر میں جوابدہندگان کی اکثریت (53%) کے مطابق سیلاب زدگان کی امداد کے سلسلے میں حکومت کی جانب سے کیے گئے اقدامات ''ضرورت سے کم '' تھے، صرف 19% جوابدہندگان کے مطابق فراہم کردہ امداد ''کافی'' تھی ، جبکہ 7% جوابدہندگان کے مطابق حکومت کی جانب سے فراہم کی گئی امداد ''ضرورت سے زیادہ'' تھی۔ نمایاں طور پر، 19% جوابدہندگان کے مطابق اُنہیں اس حوالے سے معلوم نہیں ، اور 2% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

سروے کے اعداد و شمار واضح طور پر ظاہر کرتے ہیں کہ سیلاب زدگان کے لیے حکومت کی امدادی کارروائیاں ناکافی ہونے کا احساس عوام میں عام ہے، خاص طور پر شہری علاقوں میں یہ تاثر نمایاں طور پر زیادہ ہے۔ پالیسی سازوں کو ناکافی امدادی اقدامات سے متعلق عوامی رائے پر توجہ دینی چاہیے اور امداد کی فراہمی اور اس سے متعلق آگاہی دونوں میں بہتری لانی چاہیے، تاکہ شہری عوام کے خدشات اور توقعات کو بہتر انداز میں پورا کیا جاسکے۔


**" سیلاب زدگان کی امداد کے سلسلے میں حکومت نے جو اقدامات اُٹھائے، آپ کے خیال میں وہ کافی ہیں، ضرورت سے کم ہیں یا ضرورت سے زیادہ ہیں؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 753 خواتین اور مرد حضرات، سے 12 ستمبر تا 23 ستمبر 2025 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینہ شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3-2% ± لگایا گیا ہے۔اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**<u>شہری—دیہی علاقوں کے اعتبار سے نتائج</u>:** حکومتی امدادی کاروائیاں ناکافی ہونے کا رجحان شہری علاقوں میں رہنے والے افراد میں خاص طور پر زیادہ پایا گیا۔ شہری جوابدہندگان کی 60% شرح نے سیلاب زدگان کی امداد کے سلسلے میں حکومت کے اقدامات کو "ضرورت سے کم" قرار دیا، جبکہ دیہی علاقوں میں یہ شرح 50% پائی گئی۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Wednesday, 22nd October 2025**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2025

celebrating 45 years
of Gallup Pakistan
(1980-2025)